نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کاشتکار اگیتی کپاس سے بھرپور پیداوار حاصل کرنے کے لئے محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ ٹرپل جین اقسام کا تصدیق شدہ بیج استعمال کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور 06 مارچ 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے صرف محکمہ زراعت کی منظور شدہ ٹرپل جین اقسام کا تصدیق شدہ 75 فیصد سے زیادہ اگاؤ والا 4 تا 5 کلوگرام اور 60 فیصد والا 5 تا 6 کلوگرام بُراترا ہوا بیج استعمال کریں۔پودوں کی فی ایکڑ تعداد وقت کاشت، زمین کی زرخیزی،ثمردار شاخوں کی لمبائی،غیر ثمر دار شاخوں کی تعداد اور بیج کی قسم پر منحصر ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ کپاس کے کاشتکار اگیتی کپاس سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کیلئے ٹرپل جین منظور شدہ اقسام **سی کے سی 5،سی کے سی 1 غوری 2،سی کے سی 6 اور آئی سی ایس 386** کی کاشت 31 مارچ تک پنجاب کے اُن تمام علاقہ جات جہاں کپاس لگائی جا سکتی ہے، مکمل کرلیں جبکہ ملتان،لودھراں،بہاولپور،وہاڑی،خانیوال،ڈی جی خان،رحیم یار خان،بہاولنگر،راجن پور،مظفر گڑھ،لیہ،فیصل آباد اور ساہیوال کے اضلاع میں کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے منظور شدہ ٹرپل جین اقسام **سی کے سی 3 اور حق 3** کی کاشت 31 مارچ تک مکمل کرلیں۔کاشتکار 31 مارچ تک کاشت کیلئے قطاروں کا باہمی فاصلہ 2.5 فٹ اور پودوں کا باہمی فاصلہ 1.5 تا 2 فٹ رکھیں۔کپاس کے کاشتکار پودوں کی فی ایکڑ سفارش کردہ تعداد کے حصول کیلئے بیج کی روئیدگی کا ٹیسٹ پہلے کروا لیں۔کاشتکار بیج کی خریداری سے قبل سرٹیفائیڈ بیج کے بیگ پر کمپنی کے لیبل اور تصدیقی ٹیگ کو لازماً چیک کریں۔

☆☆☆☆